اللَّهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِي رَجَب، وَشَعْبَانَ، وَبَلِّغْنَا رَمَضَانَ














مترجّم:
سیّدہ سکینہ عبّاس رضوی

# ماہِ رمضان ۱۴۴۱ ہجری
# سرگرمی کا کتابچہ

الحمدللہ، ماہِ رمضان ۱۴۴۱ ہجری کا آغاز ہوچکا ہے۔ آئیے ماہِ رمضان کا استقبال،
شہزادی سیدہ فاطمۃ الزّہرا علیہ السّلام کی تعلیم کردہ اس دُعا کی تلاوت سے کرتے ہیں

## دعاؤها اذا طلع هلال شهر رمضان

رَبُّنَا وَ رَبُّكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ، اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ عَلَيْنَا
هِلَالاً مُبَارَكًا، وَ وَفِّقْنَا لِصِيَامِ شَهْرِ رَمَضَانَ، وَ
سَلِّمْنَا فِيهِ، وَ تَسَلَّمْنَا مِنْهُ، فِي يُسْرٍ وَ عَافِيَةٍ، وَ
اسْتَعْمِلْنَا فِيهِ بِطَاعَتِكَ، اِنَّكَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ۔

DUAS.ORG

ہمارا اور تمہارا رب اللہ سبحانہ و تعالیٰ ہے، عالمین کا رب اے
اللہ اسے ہمارے لئے ہلالِ رحمت بنادے اور ہمیں موقع و
توفیق عطا فرما کہ اس ماہ میں روزہ رکھیں اور ہمیں اس میں
محفوظ رکھنا اور ہمیں اس سے نیکی حاصل کرنے کی توفیق
عطا فرما آسانی سے اور صحت و سلامتی کے ساتھ اور یہ تیری
اطاعت و فرمانبرداری کے لئے استعمال ہو یقیناََ تُو تمام چیزوں
پرقدرت رکھتا ہے۔

اس ماہِ رمضان ۱۴۴۱ ہجری میں، آیئے عملی طور پر چاند کے ادوار کا مشاہدہ کرتے ہیں اور ہر رات اس کی تصویر
بنائیں۔۔۔ آپ خُداوندِ کریم کی اس خوّبصورت تخلیق کو دیکھ کر یقینا لطف اندوز ہوں گے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ |
| ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ |
| ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ |
| ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ |
| ۲۵ | ۲۶ | ۲۷ | ۲۸ | ۲۹ | ۳۰ |

# آئیے افطار کے موقع پر تلاوت کی جانے والی دُعا پڑھتے اور یاد کرتے ہیں

بِسْمِ اللہ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیم

اللَّهُمَّ لَكَ صُمْتُ وَ عَلَى رِزْقِكَ أَفْطَرْتُ وَ عَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ

اے میرے اللہ، تیرے لئے، میں روزہ رکھتا/ رکھتی ہوں، اور تیرے دیئے ہوئے رزق سے جو تُو مجھے دیتا ہے، میں روزہ افطار کرتی ہوں، اور میں تجھ پر بھروسہ کرتی ہوں۔




# الحمدللہ، ماہِ رمضان ۱۴۴۱ ہجری کا آغاز ہوچکا ہے

رمضان کی آمد ہے، آمدِ رمضان ہے
رمضان آرہا ہے، چلیں ہلال ڈھونڈتے ہیں،
رمضان آرہا ہے، یہ جلد آجائے گا،
ہم خُداوندِ کریم سے دُعاگو ہیں کہ ہمارے دِلوں کو صحیح کردے،
خُداوندِکریم سے معافی مانگیں اور ایک نیا آغاز کریں۔

**کسی بڑے کی مدد سے قُرآنِ کریم کی ایک آیت اِس ماہِ خاص، رمضان المبارک کے بارے میں تلاش کیجیئے**

یکم رمضان۔۔۔ ابراہیم علیہ السّلام پر صحیفہ ابراہیم نازل ہوا، دی گئی تصاویر سے متعلّق آیات قرآنِ کریم سے پڑھیئے، گفتگو کیجیئے اور تلاش کیجیئے اور پھر ان تصاویر کو ترتیب دیجیئے۔



مقدّس ماہِ رمضان  کا آغاز ہوچکا ہے، آئیے اس ماہ کی مناسبت سے ایک نظم تحریر کرتے ہیں

م

ا

ہ

ر

م

ض

ا

ن

## امام علی علیہ السّلام نے فرمایا:

روزہ دار کی دُعا بوقتِ افطار کبھی رَد نہیں کی جاتی ہے۔



یہ افطار کا وقت ہے
دُعاوں کی قبولیت کا بہترین وقت

دُنیا میں ایسے کئی بچّے ہیں جن کے پاس کھانے کے لئے ایسی مزیدارغذا نہیں جیسی آپ کے پاس افطار کے دسترخوان پر ہے----

کونسی چار دُعائیں ہیں جو آپ ان کو ہدیہ کرنا پسند کریں گے

سب سے پہلے امامِ زمانہ علیہ السّلام عجّل اللہ تعالیٰ الشّریف کے لئے دُعا کرنا نہ بھولئے گا پھر دیئے گئے چار خانوں میں وہ دُعائیہ کلمات پُر کیجیئے جو آپ اپنے دوستوں کے لئے کرنا چاہتے ہیں



## آئیے مسئلے کا جائزہ لیتے ہیں اور جانتے کرتے ہیں کہ کیا روزہ صحیح ہے یا باطل---

آُپ اپنے مرجع کی کتاب توضیح المسائل سے مدد لے سکتے ہیں---
https://www.sistani.org/english/book/48/2263/

عمارہ اپنی دوستوں کے ساتھ کھیل رہی تھی،
اسے پیاس محسوس ہوئی---
وہ چپکے سے باورچی خانے گئی، فرج کھولا-- اور
تیزی سے پیاس بجھانے کے لئے پانی کا ایک
گھونٹ لیا اور باہر کھیلنے چلی گئی---

کیا اس کا روزہ صحیح ہے یا پانی پینے کی وجہ سے
اس کا روزہ باطل ہوگیا ہے--- کیوں--- اس
بارے میں گفتگو کیجیئے



آیئے مسئلے کا جائزہ لیتے ہیں اور جانتے کرتے ہیں کہ کیا روزہ مستحب ہے یا واجب---

آپ اپنے مرجع، جن کی آپ تقلید کرتے ہیں، کی کتاب توضیح المسائل سے مدد لے سکتے ہیں---
https://www.sistani.org/english/book/48/2274/

یہ ۱۸ ذوالحجہ کا مبارک دن ہے---

زینب روزہ رکھنا چاہتی ہے--- کیا آپ روزے کی نیت کرنے میں اس کی مدد کر سکتے ہیں---
کیا اس کا روزہ واجب ہے یا مستحب---

مستحب اور واجب روزوں کی فہرست بنائیے---



# ۶ ماہِ رمضان، حضرت موسیٰ علیہ السّلام پر توریت نازل ہوئی

تصاویر میں رنگ بھریئے اور صحیح جملے کے ساتھ جوڑیئے۔ اب تصویر سے متعلّق، قرآنِ کریم سے سورہ کا نام اور آیت کا نمبر تلاش کیجیئے اور دیئے گئے خانے میں لکھیئے۔

حضرت موسیٰ علیہ السّلام اپنے لوگوں کے ساتھ دریائے نیل عبور کرتے ہوئے

حضرت موسیٰ علیہ السّلام جلتی ہوئی جھاڑی کے پاس---

حضرت موسیٰ علیہ السّلام کو زوجہ فرعون، حضرت آسیہ علیہ السّلام نے اُٹھایا








بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيم

سورہ الاسراء، نمبر ۱۷، آیت ۵۳

إِنَّ الشَّيْطَانَ كَانَ لِلإِنسَانِ عَدُوّاً مُبِيناً

درحقیقت شیطان انسان کا کُھلا دشمن ہے---






اب--- آیئے کہانی پڑھتے ہیں اورمزید جانتے ہیں---

علی اور عبّاس اچھے دوست تھے۔ وہ اپنے والدین کی مدد کرتے تھے، اسکول ساتھ پیدل جاتے تھے، ساتھ پڑھتے اور کھیلتے تھے۔ ایک دن وہ پارک میں فُٹبال کھیل رہے تھے۔ انھوں نے اذان کی آواز سُنی اور یہ فیصلہ کیا کہ گھاس پر نماز ادا کریں۔ نماز کے بعد وہ دوبارہ کھیلنے لگے۔اچانک انھوں نے کسی کی چیخ پکار اور زو زور سے رونے کی آواز سُنی۔ انھوں نے اس شخص کو ڈھونڈنا شروع کیا۔ ایک شخص بڑے گھنے درخت کے نیچے بیٹھا ہوا تھا، وہ دونوں اس کے پاس گئے اور رونے کا سبب پوچھا۔

**آ۔۔آآآااآں۔۔۔آآآآآں۔۔۔آں۔۔۔آآآآآآں۔۔۔۔ میں آج بہت پریشان ہوں۔۔۔۔۔آ۔۔آآآآں۔۔۔آآآآآں۔۔۔آں۔۔۔آآآآآں**

**بچّوں نے پوچھا۔۔۔ کیا مسئلہ ہے۔۔۔۔ تم کیوں رو رہے ہو۔۔۔۔**

۔۔۔۔''اچھا۔۔۔ اصل میں۔۔۔ میرا کام لوگوں کو ستانا اور تنگ کرنا ہے، خُداوانِدِکریم سے ان کو دُور کرنا ہے، اور ان کو بُرے کاموں کی جانب راغب کرنا ہے۔۔۔۔ میرا مطلب ہے تمام وہ کام جن سے خُدا ناراض ہوتا ہے اور پسند نہیں کرتا۔'' **بچّوں نے پوچھا کہ، '' تم ایسا کیوں کرتے ہو؟''**

''اصل میں بچّوں، میں خُدا کی عبادت کیا کرتا تھا، نماز پڑھتا تھا اور تمام نیک اعمال انجام دیتا تھا۔ پھر ایک دن خُدا نے مجھے بلایا، میں گیا اور دیکھا کہ خُداوندِ کریم کے پاس ایک کیچڑ و مٹّی کا انسان موجود ہے۔ پھر خُدا نے مجھ سے کہا کہ، یہ میری تخلیق ہے، میں اسے زمین پر بھیجوں گا تاکہ یہ میرا خلیفہ بنے، مگر اس سے پہلے تمہیں اسے سجدہ کرنا ہے۔ میں یہ سن کر غصّے سے لال ہوگیا۔ میں کیسے کرسکتا ہوں، میں آگ سے بنایا گیا ہوں، مٹّی کے بنے اس انسان کو کیسے سجدہ کرسکتا ہوں۔ میں نے خُدا سے کہا کہ میں تیرے علاوہ کسی اور کو سجدہ نہیں کروں گا۔ خُداوند نے کہا کہ میں تم سے کہہ رہا ہوں کہ اسے سجدہ کرو۔ مگر میں نے سجدہ نہیں کیا۔

خُداوندِ کریم کو جلال آگیا۔ اس نے مجھے کہا کہ یہاں سے چلا جاوں۔ مگر جانے سے پہلے میں نے خُدا سے کہا کہ میں اس کے ہر بندے کو پریشان کروں گا اور بھکاوں گا۔ تم جانتے ہو کہ مجھے ان لوگوں سے نفرت ہے اور خاص طور پر ان بچّوں سے جو نماز اوّل وقت میں بجا لاتے ہیں۔ مجھے ان کو تنگ کرنا پسند ہے۔ **آج تم دونوں نے مجھے رُلادیا۔ میں یہ سمجھ رہا تھا کہ تم دونوں کھیلنے میں اتنا مصروف ہو کہ تم دونوں اپنی نماز کو بھول جاو گے اور قضا کردو گے۔ مگر تم نے نماز اوّل وقت میں ادا کی اور وہ بھی گھاس پر اور اس نیک عمل نے مجھے بہت بہت زیادہ مایّوس کیا اور غصّہ دلادیا۔**

علی اور عبّاس نے ایک دوسرے کو دیکھا اور چِلاّئے۔۔۔ **شیطان۔۔۔ واہ ہ ہ ہ۔۔۔** ہم بہت خوش ہیں کہ ہم نے تم کو رُلایا اور ہم وعدہ کرتے ہیں کہ ہر روز ہم ایسے اچھے اعمال انجام دیں گے جو تمہیں رُلائیں اور پریشان کریں۔

کیونکہ کافی دیر ہو چکی تھی، اسلئے ان دونوں نے فیصلہ کیا کہ شیطان کو روتا چھوڑ کر گھر جائیں۔ انھوں نے پورا واقعہ اپنے والدین کو سنایا اور وعدہ کیا کہ ہمیشہ اچھے اور نیک کام کریں گے اور شیطان کو رُلائیں گے تاکہ وہ کبھی اپنے مقصد میں کامیاب نہ ہوسکے۔

بچّوں۔۔۔ آیئے نماز کے بارے میں امامِ زمانہ علیہ السّلام عجل اللہ تعالیٰ الشّریف کی ایک حدیث کا مطالعہ کرتے ہیں:

## شیطان کو نماز کی طرح کوئی چیز رسوا نہیں کرتی، پس نماز پڑھو اور شیطان کو رسوا کرو۔

**واہ !!!!!** آیئے اس ماہِ مقدّس ماہِ رمضان میں یہ عہد کرتے ہیں کہ ہم ہمیشہ نماز اوّل وقت میں ادا کریں گے اور نیک کام کرکے شیطان کو پریشان کیئے رکھیں گے

آپ نماز کے بارے میں کیا سوچتے ہیں۔۔۔

کیا آپ نماز اوّل وقت میں پڑھنا پسند کرتے ہیں۔۔۔


آپ کتنی بار شیطان کو رُسوا کرتے ہیں۔۔۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیم

وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ اِنَّهٗ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ

اور اگر شیطان کی طرف سے تمہارے دل میں کسی طرح کا وسوسہ پیدا ہو تو خدا سے پناہ مانگو۔ بے شک وہ سننے والا (اور) سب کچھ جاننے والا ہے -

سورۃ الاعراف، آیت ۲۰۰



# ۱۰ رمضان المبارک، شہادتِ خدیجۃ الکبریٰ سلام اللہ علیہا

خالی جگہ پُر کیجیئے

لقب:


آپ کی زندگی کے بارے میں خاص بات:

مزار:

آج ۱۰ رمضان المبارک ، شہزادی خدیجۃ الکبریٰ سلام اللہ علیہا کا یومِ شہادت ہے۔ آیئے آپ سلام اللہ علیہا کا خاندانی شجرہ مکمّل کرتے ہیں

۱۰ رمضان المبارک





# آئیے قرآنِ کریم سے تحقیق کرتے ہیں

## کسی بڑے کی مدد سےقرآنِ کریم کا مطالعہ کیجیئے اور ایک آیت حضرت عیسیٰ علیہ السّلام اور ان کی والدہ حضرت مریم سلام اللہ علیہا کے بارے میں تلاش کیجیئے

اس ماہِ رمضان آپ کچھ وقت فلم ''مریم مقدّس'' دیکھنے کے لئے نکال سکتے ہیں



## آج ۱۲ رمضان المبارک ہے، حضرت عیسیٰ پر انجیل نازل ہوئی

حضرت عیسیٰ علیہ السّلام مثلِ حضرت آدم علیہ السّلام ہیں، وہ بغیر والد کے پیدا ہوئے۔
ان کی والدہ حضرت مریم سلام اللہ علیہا ہیں۔ رسولِ خُدا صلّی اللہ علیہ واٰلہ وسلّم نے فرمایا ہے:

چار خواتین، دنیا کی تمام خواتین سے زیادہ محترم اور معزّز ہیں:

حضرت آسیہ سلام اللہ علیہا
حضرت مریم سلام اللہ علیہا
حضرت خدیجہ سلام اللہ علیہا
حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا

اور ان سب میں، سب سے زیادہ محترم اور مقام و منزلت والی میری بیٹی فاطمہ سلام اللہ علیہا ہیں۔

## آئیے تحقیق کرتے ہیں

## کسی بڑے کی مدد سے امام حسن علیہ السّلام کی ایک حدیث سیکھنے اور پڑھانے کے بارے میں تلاش کیجیئے

اس ماہِ رمضان آپ کچھ وقت فلم ''تنہا ترین سردار'' [امام حسن علیہ السّلام] دیکھنے کے لئے نکال سکتے ہیں



# ۱۵رمضان المبارک

# ولادتِ امامِ حسن مجتبیٰ علیہ السّلام مبارک ہو

خالی جگہ پُر کیجیئے


لقب:

والد:

والدہ:

بچّے:

# امام حسن علیہ السّلام کا خاندانی شجرہ مکمّل کیجیئے



عبّاس چاہتا ہے کہ فجر تا ظُہر روزہ رکھے۔ اس سلسلے میں اس کی مدد کیجیئے اور ایسے اُمور کی فہرست بنائیے جن کو انجام دینے میں اشکال نہیں




جھوٹ بولنا

جان بوجھ کو قے کرنا

قرآنِ کریم کی تلاوت کرنا

پینا

پھول کی خوشبو سونگھنا

اونو کھیلنا

نماز پڑھنا

دوسروں کی مدد کرنا

امامِ زمانہ عج کے لئے دُعا کرنا

چوری کرنا

کھانا

اسلامی ویڈیوز دیکھنا




عبّاس اپنی ڈرائنگ شیئر کرنے کا بے حد شکریہ

# ۱۷ رمضان المبارک، غزوہ بدر میں مسلمانوں کی عظیم فتح




دی گئی فہرست سے ان امور کو منتخب کیجیئے جن کے ذریعے مسلمان اس جنگ میں فتح سے ہمکنار ہوئے

موسیقی
نماز
لوگوں سے جھگڑنا
اسلام کے قوانین کی پابندی
قرآنِ کریم کی تلاوت
جھوٹ بولنا

# آئیے قرآنِ کریم سے تحقیق کرتے ہیں

کسی بڑے کی مدد سےقرآنِ کریم کا مطالعہ کیجیئے اور ایک آیت حضرت داود علیہ السّلام کے بارے میں تلاش کیجیئے

اس ماہِ رمضان آپ کچھ وقت فلم ''سلطنتِ سُلیمان علیہ السّلام'' دیکھنے کے لئے نکال سکتے ہیں



## آج ۱۸ رمضان المبارک ہے، حضرت داود علیہ السّلام پر زبور نازل ہوئی

حضرت داود علیہ السّلام کے جو معجزات قرآنِ کریم میں بیان کئے گئے ہیں وہ یہ ہیں:

پہاڑ ان کے ہمراہ خُداوندِ کریم کی حمد وثناء بیان کرتے تھے۔

پرندے بھی ان کے ہمراہ خُداوندِ کریم کی حمد وثناء بیان کرتے تھے۔

اللہ سبحانہ و تعالیٰ نے آپ علیہ السّلام کو ایک عظیم، مستحکم اور مضبوط حکومت عطا فرمائی تھی۔

اللہ سبحانہ و تعالیٰ نے آپ علیہ السّلام کے لئے لوہے کو، بغیر کسی بھٹّی اور اوزار کے، موم کی مانند نرم فرمادیا تھا۔

اللہ سبحانہ و تعالیٰ نے آپ علیہ السّلام کو زرّہ سازی کا عِلم عطا فرمایا تھا، درحقیقت، زرّہ آپ علیہ السّلام کی ایجاد ہے۔

اللہ سبحانہ و تعالیٰ نے آپ علیہ السّلام پر زبور نازل فرمائی، جس کی آپ نہایت خوبصورت انداز میں تلاوت فرماتے تھے۔

اس انداز سے آپ علیہ السّلام لوگوں کو خُداوندِکریم کی جانب بُلاتے تھے۔

ان معجزات کے بارے میں کچھ تصاویر بنائیے

# ليلۃالقدر ۱۹، ۲۱، ۲۳ ماہِ رمضان

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيم

## إنا أنزلناه في ليلة القدر

ہم نے اس [قرآن] کو شبِ قدر میں نازل کیا ہے






آج شبِ قدر ہے--- آیئے خُداوندِ کریم کا قرب حاصل کرتے ہیں۔ ذیل میں خُداوندِ کریم کے اسماء الحسنیٰ کو دیئے گئے صحیح معنوں کے لحاظ سے جوڑیئے---

| معنٰی | اسماء الحسنیٰ |
|---|---|
| بڑا | الکبیر |
| سُننے والا | السمیع |
| معاون۔ مددگار | المعیز |
| دیکھنے والا | البصیر |
| قدر دان | الشکور |
| عمدہ - پاکیزہ | اللطیف |
| فراخی دینے والا | الباسط |
| عظمت والا | العظیم |
| چاہنے والا | الخبیر |
| بلندی والا | العلی |
| عدل کرنے والا | المقیط |
| بردبار | الحلیم |

لیلۃ القدر ایک مقدّس شب ہے جس میں ہمارے مقدّر کے تمام فیصلے انجام پاتے ہیں اور پھر امام زمانہ علیہ السّلام عجل اللہ تعالیٰ الشریف کی خدمتِ اقدس میں پیش کئے جاتے ہیں--- امام الحجۃ عجل اللہ تعالیٰ الشریف----درج ذیل پھول کی ہر کلی کو ایسے تمام اُمور سے پُر کیجیئے جن میں بہتری کے لئے آپ امامِ زمانہ علیہ السّلام کی مدد چاہتے ہیں----



قرآنِ کریم کے بابرکت اعمال انجام دینے کے ساتھ ساتھ، آئیے معصومین علیہم السّلام کی حدیث پر غور و فکر کرتے ہیں اور انشاء اللہ ان پراپنی روزمرّہ کی زندگی میں عمل پیرا بھی ہونگے۔

## بِكَ يَا اللّٰهُ،

**حدیثِ قُدسی میں خُداوندِکریم فرماتا ہے:**

مجھے تعجّب ہے اس شخص پر جو جانتا ہے کہ خُداوندِکریم اس کے اعمال سے واقف ہے، لیکن پھر بھی گناہ انجام دیتا ہے

## بِعَلِيٍّ،

**اِمام علی علیہ السّلام نے فرمایا:**

صبر کی دو اقسام ہیں: تکلیف پر صبر، اور اپنی پسندیدہ شے پر صبر جس کی تمہیں خواہش ہو۔

## بِمُحَمَّدٍ،

**رسولِ خُدا صلی اللہ علیہ والہ وسلّم نے فرمایا:**

ہر چیز کی صفائی ہے اور دِل کی صفائی یادِ خُدا ہے

## بِالحَسَنِ،

**امام حسن علیہ السّلام نے فرمایا:**

موقع ایسی نعمت ہے جو جلد ختم ہو جانے والا ہے اورپھر دیر سے پلٹ کر آتا ہے۔

.

## بِفَاطِمَةَ،

**شہزادی سیّدہ سلام اللہ علیہا نے فرمایا:**

اللہ سبحانہ و تعالیٰ نے نماز کو فرض کیا تاکہ تکبّر سے نجات ملے

## بِعَلِيّ بْنِ الحُسَيْنِ،

**امام زین العابدین علیہ السّلام نے فرمایا:**

ہر موقع پرجھوٹ سے بچو، خواہ چھوٹا ہو یا بڑا، سنجیدہ ہو یا مذاق میں

## بِالحُسَيْنِ،

**امام حسین علیہ السّلام نے فرمایا:**

جب دوسرے افراد اپنی ضرورت کے لئے تمہاری جانب رجوع کریں، تو اسے اپنے لئے خُداوندِ کریم کی جانب سے نعمت سمجھو

## بِجَعْفَرِ بْنِ مُحَمّدٍ،

**امام جعفر صادق علیہ السّلام نے فرمایا:**

ایک سچّا مومن غصّے کی حالت میں بھی سرکشی اختیار نہیں کرتا ہے۔

## بِمُحَمّدِ بْنِ عَلِيّ،

**امام محمد باقر علیہ السّلام نے فرمایا:**

جو کوئی خُداوندِ کریم کی نافرمانی کرتا ہے وہ گویا اس سے لاعلم ہے

## بِمُوسَى بْنِ جَعْفَرٍ،

**امام موسیٰ کاظم علیہ السّلام نے فرمایا:**

کسی کمزور کی مدد کرنے سے بہتر کوئی صدقہ نہیں

## بِعَلِيِّ بْنِ مُوسَى،

**امام علی رضا علیہ السّلام نے فرمایا:**

میزان میں اچھے اخلاق سے بڑھ کر کوئی شے وزنی [اہم] نہیں ہوگی

## بِمُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ،

**امام محمدؐ تقی علیہ السّلام نے فرمایا:**

خُداوندِ کریم پر بھروسہ ہر قیمتی شے کی قیمت ہے اور ہر بلند اور باعظمت مقصد تک پہنچنے کا راستہ ہے۔

## بِعَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدٍ،

**امام علی نقی علیہ السّلام نے فرمایا:**

کسی ایسے سے ایمانداری اور خلوص کی توقُّع نہ رکھو جو تمہاری عداوت کا شکار ہوا ہو۔

## بِالْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ،

**امام حسن عسکری علیہ السّلام نے فرمایا:**

سخاوت کی ایک حد ہے، جس سے اگر تجاوز کیا جائے تو وہ اسراف شمار ہوتی ہے۔

## بِالْحُجَّةِ،

**امامِ زمانہ علیہ السّلام نے فرمایا:**

شیطان کو نماز کی طرح کوئی چیز رُسوا نہیں کرتی، پس نماز پڑھو اور شیطان کو رسوا کرو۔

امام علی علیہ السّلام پر ابنِ ملجم ملعون نے ۱۹ رمضان المبارک کو مسجدِ کوفہ میں تلوار سے حملہ کیا اور آپ علیہ السّلام کے سرِ اقدس پر گہری ضرب لگائی

۲۱ رمضان المبارک کو آپ علیہ السّلام کی شہادت واقع ہوئی



# آئیے نہج البلاغہ سے تحقیق کرتے ہیں

## کسی بڑے کی مدد سے مور کی خلقت کے بارے میں امام علی علیہ السّلام کے اقوال تلاش کیجیئے

نہج البلاغہ حوالہ خطبہ نمبر ۱۶۵

https://www.al-islam.org/nahj-al-balaghah-children/peacock




# آئیے نہج البلاغہ سے تحقیق کرتے ہیں

## کسی بڑے کی مدد سے چیونٹی کی خلقت کے بارے میں امام علی علیہ السّلام کے اقوال تلاش کیجیئے

نہج البلاغہ حوالہ خطبہ نمبر ۱۸۵

https://www.al-islam.org/nahj-al-balaghah-children/ant



آج ۲۳ رمضان المبارک ہے---- لیلۃ القدر

کسی بڑے کی مدد سے قرآنِ کریم سے اس خاص رات---- لیلۃ القدر کے بارے میں ایک آیت تلاش کیجیئے




آج ۲۳ رمضان المبارک ہے۔۔۔۔ لیلۃ القدر

کسی بڑے کی مدد سے اس خاص رات۔۔۔۔ لیلۃ القدر کے بارے میں ایک حدیث تلاش کیجیئے



## ۲۳ رمضان المبارک، لیلۃ القدر




آئیے کچھ دیر قرآنِ کریم سے تحقیق کرتے ہیں

# آئیے قرآنِ کریم سے تحقیق کرتے ہیں

## کسی بڑے کی مدد سے قرآنِ کریم سے ایک آیت قرآنِ کریم کی تلاوت کے آداب کے بارے میں تلاش کیجیئے

سورہ کا نام

آیت اور ترجمہ

آیت کا نمبر



# آئیے قرآنِ کریم سے تحقیق کرتے ہیں

## کسی بڑے کی مدد سے قرآنِ کریم سے ایک آیت اپنی پسندیدہ چیز دینے کے بارے میں تلاش کیجیئے


| سورہ کا نام | آیت اور ترجمہ | آیت کا نمبر |
| --- | --- | --- |
| | | |



# آئیے قرآنِ کریم سے تحقیق کرتے ہیں

کسی بڑے کی مدد سے قرآنِ کریم سے ایک آیت والدین کے احترام کے بارے میں تلاش کیجیئے

| سورہ کا نام | آیت اور ترجمہ | آیت کا نمبر |
| --- | --- | --- |
| | | |



# آئیے قرآنِ کریم سے تحقیق کرتے ہیں

## کسی بڑے کی مدد سے قرآنِ کریم سے ایک آیت نرمی سے گفتگو کرنے کے بارے میں تلاش کیجیئے

| سورہ کا نام | آیت اور ترجمہ | آیت کا نمبر |
| --- | --- | --- |
| | | |



# آئیے قرآنِ کریم سے تحقیق کرتے ہیں

## کسی بڑے کی مدد سے قرآنِ کریم سے ایک آیت صلوات پڑھنے کے بارے میں تلاش کیجیئے

سورہ کا نام

آیت اور ترجمہ

آیت نمبر






انشاء اللہ، ہم سب امامِ زمانہ علیہ السّلام، عجل اللہ تعالیٰ الشّرِیف کے لشکر میں شامل ہونا چاہتے ہیں---

ہم سب چاہتے ہیں کہ ایسے بنیں کہ جب امامِ زمانہ علیہ السّلام، عجل اللہ تعالیٰ الشّرِیف ہمیں صدا دیں توہم ان کی پکار پر لبیّک کہیں---

امامِ زمانہ علیہ السّلام، عجل اللہ تعالیٰ الشّرِیف کو ایسے سپاہی محبوب اورپسند ہیں جو قرآنِ کریم کی آیات کی تلاوت کرتے ہیں، غور و فکر کرتے ہیں، تدبّر کرتے ہیں اور ان پر عمل کرتے ہیں---

| کیاآپ ایسے مزید اُمور کے بارے میں سوچ سکتے ہیں جو ہمیں انجام دینے چاہیئیں تاکہ امامِ زمانہ علیہ السّلام، عجل اللہ تعالیٰ الشّرِیف کے سپاہی بن سکیں--- |
| --- |
| |
| |
| |
| |

ڈائس گھمائیں اور بورڈ گیم کھیلیں---

# لیلۃ القدر قرآن کوئز

ڈائس گھمائیں، ڈبّے پر ڈالیں، قرآنِ کریم سے متعلّق سوال کا جواب دیجیئے

- آ ئیے آغاز کرتے ہیں☺
- کس سورہ کا آغاز بسم اللہ سے نہیں ہوتا
- قرآنِ کریم کو کتنے حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے
- سورہ اخلاص پڑھیں اور دو قدم آگے بڑھیں
- کس سورہ کو قلبِ قرآن کہا جاتا ہے
- کس سورہ کو قرآنِ کریم کا ۱/۳ کہا جاتا ہے
- سب سے مختصر سورہ کی تلاوت کیجیئے اور ۳ قدم آگے جائیے
- کس سورہ میں بسم اللہ کا ۲ بار تذکرہ ہوا ہے
- شہد کا تذکرہ کس سورہ میں کیا گیا ہے
- سورہ بقرۃ کی کونسی آیت سب سے طویل ہے
- دُعائے فرج پڑھیں اور ۵ قدم آگے جائیے
- قرآنِ کریم کے مطابق بہترین رات ہے---
- کس سورہ کو اُمّ القرآن کہا جاتا ہے
- قرآنِ کریم کی کس سورہ میں خُداوند کریم کی صفات بیان کی گئی ہیں
- کس سورہ کو قرآنِ کریم کی دُلہن کہا جاتا ہے
- صلوات پڑھئے اور کھیل جیت جائیے
- آپ امامِ زمانہ علیہ السّلام عج کے سپاہی ہیں☺

## عید الفطر ۱۴۴۱ ہجری


## آیئے امام زین العابدین علیہ السلام کی دُعا نمبر ۴۶ سے کچھ سطور کی تلاوت کرتے ہیں

اے وہ جو چھوٹے سے چھوٹے تحفہ کو بھی پسندیدگی کی نظروں سے دیکھتا ہے
وَيَا مَنْ يَجْتَبِي صَغِيرَ مَايُتْحَفُ بِهِ،

اور جو معمولی سے معمولی عمل اس کے لئے بجالایا گیا ہو اس کی جزا دیتا ہے
وَيَشْكُرُ يَسِيرَ مَا يُعْمَلُ لَهُ.

اور اے وہ جو قلیل عمل کی قدردانی کرتا ہے اور جلیل [بہترین] جزا دیتا ہے
وَيَامَنْ يَشْكُرُ عَلَى الْقَلِيْلِ، وَيُجَازِيْ بِالْجَلِيلِ،

## الحمدللہ آج عید الفطر ہے۔۔۔ آئیے کچھ تخلیقی کام کرتے ہیں، خطّاطی کرتے ہیں۔۔۔














امام علی علیہ السّلام نے فرمایا ہے:

اور جس دن تم گناہ نہیں کرتے وہ عید کا دِن ہے

اس عید پر مزے کریں لیکن کوشش کریں کہ آپ کا ہر دن عید کا دن ہو

کیا آپ پانچ خاص اُمور بتا سکتے ہیں جو آُس عید پر کرنا چاہتے ہیں، اور اس طرح امامِ زمانہ علیہ السّلام عجل اللہ تعالیٰ الشّریف کی عطاکردہ رحمتوں اور برکتوں سے مستفید ہو سکیں۔



۱ ____________________

۲ ____________________

۳ ____________________

۴ ____________________

۵ ____________________




اس عید کے موقع پر پیاراور خوشیاں بانٹیں--- ایک عید کارڈ تخلیق کریں اور ایسے ۵ افراد کا انتخاب کیجیئے کہ جنھوں نے آپ کے خیال سے کبھی عید کارڈ وصول نہ کیا ہو۔ آپ یہ عید کارڈ ان کو تحفہ دیجیئے--- یہ چوکیدار بھی ہو سکتا ہے--- ایک مسکین فقیر--- ایک بے گھر---- ایک پولیس والا----



آج عید کا دن ہے۔۔۔ آئیے دُعائے فرج سیکھتے ہیں اور تلاوت کرتے ہیں اور امامِ زمانہ علیہ السّلام عجل اللہ تعالیٰ الشّریف کے جلد ظہور کی دُعا کرتے ہیں

اے اللہ اس وقت اور ہر وقت اپنے ولی امر صاحب الزّمان حضرت حجۃ ابن الحسن ع عج تیرا درود و سلام ان پر اور ان کے آباواجداد پر، کے لئے سرپرست، محافظ، رہبر، مددگار، رہنما اور نگہبان رہے یہاں تک کہ زمین کو ان کے زیرِ نگین قرار دے اور طویل مدّت تک بہرہ مند فرما۔






عید مبارک

Booklet Prepared by

ICAN
ICON FOR CHILD AND ADULT NURTURING

For comments and suggestions kindly email
icanofficaldesk@gmail.com

http://ican-org.com/